| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: میرا تعارف**

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پسند کی بنیاد پر جان سکیں کہ آپ کس طرح ایک جیسے اور کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے اپنی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں گفتگو کریں۔ انھیں بتائیں کہ ہر انسان کی اپنی پسند یا ناپسند ہوتی ہے جس کی بنیاد پر ہم ایک دوسرے سے مماثلت یا اختلاف رکھتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں اور آخری پیرا گراف کا متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 4 پر موجود تصویر دکھائیں اور ان سے پوچھیں یہ کون ہے؟ جواب دینے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنے/اپنی دوستوں کی پسند کے بارے میں کیسے پوچھ سکتے ہیں۔ جماعت میں دو بچوں کو بلائیں اور انھیں کہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے اس کی پسند کے بارے میں پوچھیں جیسے:
  - آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے؟
  - آپ کا پسندیدہ کھیل کونسا ہے؟
  - آپ کا پسندیدہ رنگ کونسا ہے؟
  - آپ بڑے ہو کر کیا بننا پسند کریں گے؟
- یہ سوالات جماعت میں موجود تمام طلبہ سے بھی پوچھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ جواب اپنی کاپی میں لکھیں۔ جواب لکھنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

- طلبہ کو بتائیں جس طرح سبق میں اسد اور آمنہ کی اپنی عادات، پسند اور ناپسند ہے اسی طرح ہم سب کی بھی اپنی پسند یا ناپسند ہوتی ہے جس کی بناء پر ہم ایک جیسے اور ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| جماعت | جَ۔ما۔عت | کلاس |
| بننا | بن۔نا | حاصل ہونا |
| پاکستانی | پاک۔استانی | پاکستان میں رہنے والا/والی |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

سرگرمی (ا) کا سوال (ب) طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔ سرگرمی (۲ اور ۴) کا سوال طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ**

طلبہ اپنے دوست کو بتائیں کہ کس طرح آپ ان سے مختلف ہیں اور کس طرح ایک جیسے ہیں؟

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا تعارف |
|---|---|---|

**سوال 1: درج ذیل سوالوں کے جواب میں جی ہاں اور جی نہیں کے خانوں میں (✓) کا نشان لگائیں۔**

| سوالات | جی ہاں | جی نہیں |
|---|---|---|
| کیا آپ صبح سویرے جاگتے ہیں؟ | | |
| کیا آپ نماز ادا کرتے ہیں؟ | | |
| کیا آپ وقت پر سکول جاتے ہیں؟ | | |
| کیا آپ اپنے اساتذہ کا کہنا مانتے ہیں؟ | | |
| کیا آپ سب کے ساتھ مل جُل کر رہتے ہیں؟ | | |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 2 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضا کے نام بتا سکیں، آنکھیں، ناک، کان، منھ، ہاتھ، بازو، پاؤں اور ٹانگیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارا جسم اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ جسم کے تمام حصّے جیسے آنکھیں، ناک، کان، ہاتھ، پاؤں وغیرہ جسم کے اعضا کہلاتے ہیں۔ یہ تمام اعضا اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں میں سے ہیں۔ ہمیں ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 6 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- سبق کے عنوان پر انگلی رکھتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم نیا سبق "میرا جسم" شروع کریں گے۔
- اپنے جسم کے حصّوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے، طلبہ سے مختلف حصّوں کے نام پوچھیں۔ انھیں بتائیں یہ حصّے ہمیں مختلف کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود تصویر کو دیکھ کر جسم کے چند حصّوں کے نام پڑھیں۔ انھیں جسم کے مختلف حصّوں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور اُن کے نام پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصر اًدہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے جسم کے مختلف حصّوں کے نام پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

جسم کے مختلف حصّوں کے نام اپنی کاپی میں لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا جسم |
|---|---|---|

**سوال 1:** دیے گئے جسم کے حصّوں کے نام لکھیں۔


____________


____________


____________


____________


____________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 2 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جسم کے مختلف اعضا کے کاموں کے متعلق جان سکیں۔
- ان اعضا کی نشان دہی کر سکیں جو دیکھنے، سننے، سونگھنے، چکھنے اور چھونے میں مدد کرتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے جسم کے مختلف حصّوں کے نام پوچھیں۔ انھیں بتائیں جسم کے حصّے ہمیں مختلف کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ آج ہم ان حصّوں کے نام اور کام کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 6 کھولنے کی ہدایت دیں اور متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- انھیں جسم کے مختلف حصّوں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کے کاموں کے بارے میں پوچھیں۔
- طلبہ کے جواب توجّہ سے سنیں۔ صحیح جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ:
  - ہم اپنی ناک سے سانس لیتے ہیں۔
  - ہم اپنے منھ سے کھانا کھاتے ہیں۔
  - پاؤں سے چلتے ہیں۔
  - ہاتھوں سے چیزوں کو پکڑتے ہیں۔
  - ہم اپنے کانوں سے سنتے ہیں۔

- طلبہ سے پوچھیں کہ اس وقت وہ کون کون سی چیزیں دیکھ سکتے ہیں اُن کی بتائی ہوئی چیزوں کے نام تختہ تحریر پر لکھتے جائیں (تختہ تحریر، ٹیچر، دوست، میز، کرسی، بستہ، کتاب، دروازہ وغیرہ)۔اسی طرح اب ان سے پوچھیں انھیں اس وقت کون کون سی آوازیں سنائی دے رہی ہیں (بچوں کے بولنے کی، ٹیچر کی)۔
- اب طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند کریں یا اُن پر ہاتھ رکھیں۔ان سے پوچھیں کہ تھوڑی دیر پہلے جو چیزیں انھیں نظر آرہی تھیں کیا اب وہ انھیں دیکھ سکتے ہیں؟ یقیناً وہ نفی میں جواب دیں گے۔اسی طرح اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ کر آوازیں سننے کی کوشش کریں۔یقیناً انھیں کچھ سنائی نہیں دے گا۔
- طلبہ سے کہیں، وہ سوچ کر بتائیں کہ ہم اپنے ہاتھ، کان، آنکھ سے اور کیا کیا کام کرتے ہیں؟ مثال کے طور پر (آنکھوں سے ہم ٹیلی وژن پر کارٹون دیکھتے ہیں) (کانوں سے ہم اذان کی آواز سنتے ہیں) (زبان کی مدد سے ہم بولتے اور کھانا چکھتے ہیں) (ہاتھوں کی مدد سے ہم لکھتے ہیں، کھاتے ہیں، پیتے ہیں اور مختلف کام کرتے ہیں)۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مدد | مَ۔دَد | سہارا |
| مختلف | مخ۔تَ۔لف | علیحدہ |
| حصّے | حص۔صے | ٹکڑے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سرگرمی (ا) کے سوال (الف) اور (ج) کے جوابات طلبہ سے پوچھیں اور کاپی پر لکھوائیں۔ سرگرمی (۲) کا سوال طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے جسم کے مختلف حصّوں اور ان کے کاموں کے بارے میں تفصیل سے گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا جسم |

سوال 1: دیے گئے جسم کے حصّوں کے نام لکھیں۔

